
DEENI TALEEM FOR KIDS

دینی تعلیم برائے نونہال

# بچوں کے لئے قرآنی معلومات

# Bachchon Ke Liye Qur'ani Malumaat



www.KitaboSunnat.com

Umme Hanzala Muhammadi
Wife of Shaikh Nooruddin Umeri

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com
library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

# بچوں کے لئے قرآنی معلومات

# Bachchon Ke Liye Qur'ani Malumaat



**Umme Hanzala Muhammadi**
Wife of Shaikh Nooruddin Umeri

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

Published By:

ABM PRINT TIME
23-1-916/B, Moghalpura,
Hyderabad – 500002
Telangana State, India
abm.printtime@gmail.com
+91 – 99890 22928

Author
Shaikh Nooruddin Umeri
M.A., MPhil in Arabic,
Director - Ocean The ABM School, Hyd.

Design By: Syed Zabi Uddin Quadri
(Suffah Graphics)

Printed in India By: ABM PRINT TIME

Published in Sep 2021

Price: INR 80/-

All rights reserved under the Copyright Act. No part of this book may be reproduced and stored in any form or by any means, electronic or mechanical, including photocopying, without a prior written permission of the publisher.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# مقدمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قارئین آپ کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوگی کہ DTK کی جانب سے بچوں کی تعلیم وتربیت کی جو تحریک چل پڑی ہے اس کا بہت فائدہ ہو رہا ہے۔اس تحریک سے سیکڑوں بچے جڑے ہوئے ہیں، مسلسل ان کی تربیت کی جارہی ہے، آداب سکھائے جارہے ہیں، مختلف دلچسپ Activities دی جارہی ہیں، تربیتی کلاس منعقد کئے جارہے ہیں۔بچوں کے لئے لٹریچر تیار کیا جارہا ہے، نصاب تیار کیا جارہا ہے، بچوں کے لئے مختلف کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔اسی سلسلہ کی ایک کڑی "بچوں کے لئے قرآنی معلومات" بھی ہے۔جس میں مختصر قرآنی معلومات خوبصورت ڈیزائننگ کے ساتھ پیش کی جارہی ہیں۔اللہ سے دعا ہے کہ اس کام کو قبول فرمائے۔امت کے نونہالوں کے دلوں میں دین کی محبت پیدا فرمائے۔دین پر عمل کرنا آسان بنادے۔آمین

آپ کا خیر خواہ

نورالدین عمری۔ایم اے، ایم فل





" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



1

س قرآن کا معنیٰ کیا ہے؟

ج قرآن کا معنیٰ بار بار پڑھی جانے والی کتاب ہے۔

2

س قرآن مجید میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج قرآن مجید میں 114 سورتیں ہیں۔

3

س قرآن مجید میں کتنے پارے ہیں؟

ج قرآن مجید میں تیس 30 پارے ہیں۔



4

س قرآن مجید میں کتنے سجدے ہیں؟

ج قرآن مجید میں 14 سجدے ہیں۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com






5

س قرآن مجید کس نبی پر نازل ہوا؟

ج قرآن مجید محمد ﷺ پر نازل ہوا۔

6

س کس مہینہ میں قرآن مجید اتارا گیا؟

ج ماہِ رمضان میں قرآن اُتارا گیا (شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن)۔
(سورہ البقرہ185)

7

س کس رات میں قرآن مجید اُتارا گیا؟

ج شبِ قدر میں قرآن مجید اُتارا گیا
(انا انزلناہ فی لیلۃ القدر)۔ (سورۃ القدر)




8

س قرآن مجید کی کونسی آیت سب سے پہلے اُتری؟

ج قرآن مجید کی سب سے پہلی اُترنے والی آیت
(اقرا باسم ربک الذی خلق)۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



9

س: نزول کے اعتبار سے قرآن مجید کی سب سے پہلی اور سب سے آخری سورت کونسی ہے؟

ج: نزول کے اعتبار سے قرآن مجید کی سب سے پہلی سورۃ العلق کی چند آیات اور سب سے آخری سورۃ النصر ہے۔



10

س: پورا قرآن مجید کتنے سالوں میں نازل ہوا؟

ج: پورا قرآن مجید تیئس 23 سالوں میں نازل ہوا۔

11

س: قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت کونسی ہے؟

ج: قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت سورۃ البقرہ ہے۔

12

س: قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت کونسی ہے؟

ج: قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت سورۃ الکوثر ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**13**

س: ترتیب کے لحاظ سے قرآن مجید کی سب پہلی اور سب سے آخری سورت کونسی ہے؟

ج: ترتیب کے لحاظ سے قرآن مجید کی سب سے پہلی سورت سورۃ الفاتحہ ہے اور سب سے آخری سورت سورۃ الناس ہے۔

**14**

س: کس سورت میں حضرت موسیٰ اور خضر (علیہما السلام) کا واقعہ آیا ہے؟

ج: سورۃ الکھف میں۔

سُورَةُ النَّمْل



**15**

س: وہ کونسی سورت ہے جس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دو مرتبہ آیا ہے؟

ج: سورۃ النمل۔



**16**

س: عظمت والی آیت کونسی ہے؟

ج: عظمت والی آیت، آیت الکرسی ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



17
س: قرآن مجید میں سب سے زیادہ کس حکم کی تاکید آئی ہے؟
ج: نماز۔



18
س: وہ کونسی سورت ہے جس کا آغاز پھلوں کے نام سے ہوا ہے؟
ج: سورۃ التین۔

19
س: وہ کونسی سورت ہے جس کا اختتام دو نبیوں کے نام پر ہوا ہے؟
ج: وہ سورۃ الاعلیٰ ہے (ابراھیم، موسیٰ علیہما السلام)

20
س: وہ کونسی سورت ہے جس کے بارے میں امام شافعیؒ نے کہا کہ اگر اللہ اپنی مخلوق پر دلیل کے لئے صرف یہ ایک سورت ہی نازل کرتا تو وہ کافی ہو جاتی۔
ج: وہ سورۃ العصر ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



21

س: قرآن کی ایسی پانچ سورتیں بتایئے جن کا آغاز الحمد للہ سے ہوتا ہے؟

ج: سورۃ الفاتحہ 2۔ سورۃ الانعام 3۔ سورہ الکہف
4۔ سورہ سباء 5۔ سورۃ الفاطر۔

22

س: وہ پانچ سورتیں بتایئے جن کا آغاز لفظ قل سے ہوتا ہے؟

ج: سورۃ الجن 2۔ سورۃ الکافرون 3۔ سورۃ الاخلاص
4۔ سورۃ الفلق 5۔ سورۃ الناس۔



23

س: وہ کونسی سورت ہے جن کی
تمام تر آیتیں حرف (د) پر ختم ہوتی ہیں؟

ج: سورۃ الاخلاص۔

24

س: قرآن مجید کی وہ کونسی آیت ہے جس میں
اللہ تعالی نے حفاظت قرآن کا وعدہ کیا ہے؟

ج: وہ یہ ہے (انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون)۔
(سورۃ الحجر:9)



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س قرآن مجید میں کس نبی کا تذکرہ سب سے زیادہ آیا ہے اور کتنی بار آیا ہے؟

25

ج حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اور آپ کا نام 136 مقامات پر آیا ہے۔

س قرآن مجید کی وہ کونسی سورتیں ہیں جن میں لفظ اللہ نہیں آیا ہے؟

26

ج سورۃ الرحمن 2۔ سورۃ الواقعہ 3۔ (سورۃ القمر)

س قرآن کی وہ کونسی سورت ہے
جس کی ہر آیت میں لفظ اللہ آیا ہے؟

27

ج سورہ المجادلہ۔



س سورۃ عبس میں کس نابینہ
صحابی کی طرف اشارہ آیا ہوا ہے؟

28

ج حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س 29 قرآن مجید کی اس سورت کا نام بتائیے
جس میں زکات کے 8 مستحقین کا ذکر ہے؟

ج سورۃ التوبہ۔

س 30 قرآن مجید کی اس آیت اور سورت کا نام بتائیے
جس میں وضو کے 4 فرائض بیان کیے گئے ہیں؟

ج سورۃ المائدہ آیت نمبر۔

س 31 وہ کون سی سورت ہے جس میں مسلمانوں کو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے؟

ج سورہ احزاب۔

س 32 قرآن مجید کی کون سی سورت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قبیلے کے نام سے ہے؟

ج سورۃ القریش۔

سُوْرَةُ قُرَيْش



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



33
س: کس سورت کا نام جنگ کے نام پر ہے؟
ج: سورہ احزاب۔

34
س: کس سورت کا نام دھات کے نام پر ہے؟
ج: سورہ الحدید۔



35
س: وہ کون سی سورت ایک تہائی قرآن کے برابر ہے؟
ج: سورہ الاخلاص۔

36
س: کس دن کے نام پر قرآن مجید میں ایک سورت ہے؟
ج: جمعہ کے دن۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**37**

**س** حضرت یوسف علیہ السلام کا تذکرہ تفصیل کے ساتھ قرآن مجید کی کس سورت میں آیا ہے؟

**ج** سورہ یوسف۔

**38**

**س** قرآن مجید کی وہ کون سی سورت ہے جو نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے؟

**ج** سورہ فاتحہ۔

**39**

**س** تمام آسمانی کتب میں کس کتاب کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ قیامت تک اپنی حالت میں رہے گی؟

**ج** قرآن مجید۔

**40**

**س** قرآن مجید میں لفظ ''اللہ'' کتنی بار استعمال ہوا ہے؟

**ج** 2697





" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



41

س: جو شخص قرآن مجید میں کسی قسم کی کمی زیادتی کا عقیدہ رکھے تو کیا وہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے؟

ج: جی ہاں۔

42

س: قرآن مجید کے کس سورت میں انسان کو اشرف المخلوقات کہا گیا ہے؟

ج: سورہ الاسراء آیت 80۔

43


س: قرآن مجید کے تیسویں پارے میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج: ۳۷

44

س: مدینہ طیبہ میں نازل ہونے والی پہلی سورت کونسی ہے؟

ج: سورہ انفال۔





" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**45** س: قرآن مجید کی کس سورت میں مکھیوں کا ذکر ہے؟

ج: سورہ حج۔



**46** س: قرآن مجید کی کس سورت میں طالوت و جالوت کا واقعہ آیا ہے؟

ج: سورۃ البقرہ۔

**47** س: قرآن مجید کی کس سورت میں حضرت سلیمان علیہ السلام اور ہدہد کا ذکر آیا ہے؟

ج: سورہ نمل۔



**48** س: قرآن مجید کی کس سورت میں دابۃ الارض کے خروج کا ذکر آیا ہے؟

ج: سورہ نمل۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



49
س: قرآن مجید کی وہ کون سا سورہ ہے ہے جسے سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایمان لائے؟.
ج: سورہ طہ۔

50
س: قرآن مجید کی کس سورت میں سامری کا ذکر آیا ہے؟
ج: سورہ طہ۔

51
س: قرآن مجید کی کس سورت میں غزوہ تبوک کا ذکر آیا ہے؟
ج: سورہ توبہ۔



52
س: قرآن مجید کی کس سورت میں جنگ بدر کا قصہ بیان ہوا ہے؟
ج: سورہ انفال۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "


www.KitaboSunnat.com



53
س: قرآن مجید کی کس سورت میں اُصحاب الاُخدود (خندقوں والے) کا ذکر آیا ہے؟
ج: سورہ بروج۔

54
س: قرآن مجید کی کس سورت میں روٹی کا ذکر آیا ہے؟
ج: سورہ یوسف۔

55
س: قرآن مجید میں حضرت یونس علیہ السلام کی کونسی دعا نقل کی گئی ہے؟
ج: لاالہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین۔



56
س: قرآن مجید میں "بکہ" کس شہر کے لیے استعمال ہوا ہے؟
ج: مکہ مکرمہ۔




" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



57 س قرآن مجید میں مکی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج 86



58 س قرآن مجید میں مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج 28

59 س قرآن مجید کی کونسی سورت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی برأت میں نازل ہوئی؟

ج سورہ نور۔

60 س "جامع القرآن" کس صحابی رضی اللہ عنہ کو کہتے ہیں؟

ج حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com





61
س: ہاتھی والوں کا ذکر قرآن مجید کی کس سورت میں آیا ہے؟
ج: سورہ فیل۔

62
س: قرآن مجید کی کس سورت میں اللہ تعالیٰ نے زمانے کی قسم کھائی ہے؟
ج: سورہ العصر۔

63
س: قرآن مجید میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک "محمد" کتنی مرتبہ آیا ہے؟
ج: 4 مرتبہ۔

64
س: قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک "احمد" کتنی مرتبہ آیا ہے؟
ج: 1 مرتبہ۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



65
س قرآن مجید کے مطابق حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کتنے معجزات عطا کیے گئے تھے؟
ج 9 معجزات دیئے گئے۔

66
س قرآن مجید کی کس سورت میں حضرت نوح علیہ السلام کی عمر نو سو پچاس سال بتائی گئی ہے؟
ج سورہ عنکبوت۔



67
س رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس سورت کے ذریعے اعلانیہ تبلیغ کا حکم دیا گیا تھا؟
ج سورہ مدثر۔

68
س قرآن مجید میں کس صحابی کا نام آیا ہے آیت اور سورت کا نام بتائیے؟
ج حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ
(فلما قضیٰ زید منها وطرا) سورۃ احزاب۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



69

س قرآن مجید کی کتنی سورتیں انبیاء کے نام پر آئی ہوئی ہیں؟

ج 1۔ یوسف 2۔ یونس 3۔ ہود 4۔ ابراہیم 5۔ محمد 6۔ نوح۔



70

س قرآن مجید میں کتنے رسولوں اور نبیوں کا نام آیا ہے؟

ج قرآن میں کل 25 نبیوں اور رسولوں کا ذکر آیا ہے۔

1 حضرت آدم علیہ السلام
2 حضرت ادریس علیہ السلام
3 حضرت نوح علیہ السلام
4 حضرت ھود علیہ السلام
5 حضرت صالح علیہ السلام
6 حضرت ابراہیم علیہ السلام
7 حضرت لوط علیہ السلام
8 حضرت اسماعیل علیہ السلام
9 حضرت اسحاق علیہ السلام
10 حضرت یعقوب علیہ السلام
11 حضرت یوسف علیہ السلام
12 حضرت ایوب علیہ السلام
13 حضرت شعیب علیہ السلام
14 حضرت موسیٰ علیہ السلام
15 حضرت ہارون علیہ السلام
16 حضرت ذوالکفل علیہ السلام
17 حضرت داؤد علیہ السلام
18 حضرت سلیمان علیہ السلام
19 حضرت الیاس علیہ السلام
20 حضرت الیسع علیہ السلام
21 حضرت یونس علیہ السلام
22 حضرت زکریا علیہ السلام عزیر علیہ السلام
23 حضرت یحییٰ علیہ السلام
24 حضرت عیسیٰ علیہ السلام
25 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



71

س: قرآن مجید میں کتنے فرشتوں کا نام آیا ہے؟

ج: جن فرشتوں کا نام قرآن میں آیا ہے وہ یہ ہیں۔
1۔ جبرئیل 2۔ میکائیل 3۔ مالک 4۔ ہاروت ماروت۔



72

س: جہنم کے کتنے دروازے ہیں؟

ج: جہنم کے سات دروازے ہیں۔

73

س: جہنم کے وہ چھ نام کیا ہیں جن کا تذکرہ قرآن مجید میں آیا ہے؟

ج: جہنم 2۔ لظی 3۔ حطمہ 4۔ سعیر 5۔ سقر 6۔ ہاویہ





" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



74


س: قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے جنت کو کتنے ناموں سے یاد کیا ہے؟

ج: جنت یہ لفظ قرآن میں 66 مرتبہ آیا ہے اور اس کی جمع جنات ہے جس کے معنی باغات ہیں 2۔ دار السلام (امن اور سلامتی کا گھر)۔ (سورۃ انعام 127)

75

س: اس نبی کا نام بتایئے کہ جو لاٹھی پر ٹیک لگائے ہوئے تھے کہ اللہ نے ان کی روح قبض کر لی؟

ج: حضرت سلیمان۔



76

س: قرآن مجید میں کتنے قسم کے نفس کا تذکرہ آیا ہے؟

ج: نفس مطمئنہ 2۔ نفس لوامہ 3۔ نفس امارہ۔





” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “


www.KitaboSunnat.com



77

س: قرآن مجید کی وہ کونسی آیت ہے جس کو چاہے سیدھا پڑھا جائے یا الٹا وہ اپنی اصل پر باقی رہتی ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں آتی؟

ج: رَبّکَ فَکَبِّر




78

س: اولوالعظم پیغمبر کتنے ہیں اور ان کے نام کیا ہیں؟

ج: وہ پانچ ہیں 1۔ نوح 2۔ ابراہیم 3۔ موسیٰ 4۔ عیسیٰ 5۔ محمد ﷺ

79

س: قرآن مجید میں قیامت کو کتنے ناموں سے یاد کیا گیا ہے؟

ج: 1۔ یوم القیامہ 2۔ الساعۃ 3۔ یوم الخروج 4۔ یوم الفصل 5۔ یوم الخلود 6۔ الواقعہ

80

س: ہمارے نبی ﷺ کو سب سے بڑا معجزہ کونسا دیا گیا تھا؟

ج: قرآن مجید



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



81

س وہ کتنی سورتیں ہیں جو زمانے اور وقت کے نام پر آئی ہوئی ہیں؟

ج آٹھ ہیں 1۔ سورہ حج 2۔ سورہ جمعہ 3۔ سورہ فجر 4۔ سورۃ لیل 5۔ سورۃ ضحی 6۔ سورہ قدر 7۔ سورہ عصر 8۔ سورہ فلق۔

82

س کتنی سورتیں حیوانات کے نام یا صفات پر آئی ہیں؟

ج سات ہیں 1۔ سورہ بقرہ 2۔ سورہ انعام 3۔ سورہ نحل 4۔ سورہ نمل 5۔ سورہ عنکبوت 6۔ سورہ عادیات 7۔ سورہ فیل۔

83

س وہ کتنی سورتیں ہیں جو مقامات کے نام پر آئی ہوئی ہیں؟

ج سات سورتیں ہیں 1۔ سورہ اعراف 2۔ سورہ حجر 3۔ سورہ طور 4۔ سورہ بلد 5۔ سورہ کوثر۔

84

س قرآن مجید میں مکہ مکرمہ کو کتنے ناموں سے یاد کیا گیا ہے؟

ج قرآن مجید مجید میں مکہ مکرمہ کو ان ناموں سے یاد کیا گیا ہے

1۔ مکہ 2۔ بکۃ 3۔ البلد الامین 4۔ البلدہ 5۔ ام القریٰ



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



85

س: غیب کی کنجیاں کتنی ہیں جنہیں اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا؟

ج: پانچ ہیں 1۔ قیامت کب آئے گی اس کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں 2۔ بارش کا یقینی علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں 3۔ رحم مادر میں کیا ہے بچہ یا بچی نیک یا برا ہو گا اس کا علم صرف اللہ کو ہے 4۔ انسان کل کیا کرے گا اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں 5۔ موت کہاں ائے گی اللہ کے سوا کسی کو نہیں معلوم۔

## سورۃ مریم

86

س: اللہ تعالی نے کس کو بغیر شوہر کے اولاد عطا کی؟

ج: حضرت مریم علیہا السلام کو۔

87

س: بغیر ماں باپ کے اللہ نے کس کو پیدا کیا؟

ج: حضرت آدم علیہ السلام کو۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



88

س وہ کون ہیں جنہیں بغیر ماں کے پیدا کیا گیا؟

ج حضرت حوا علیہا السلام۔

89

س قرآن مجید کی وہ کونسی سورت ہے جس کے پڑھنے سے شیطان بھاگ جاتا ہے؟

ج سورۃ البقرہ۔

90

س وہ کونسی سورت ہے جس کو جمعہ کے دن پڑھنے سے اللہ روشن کردے گا؟

ج وہ سورۃ کہف ہے۔



91

س قرآن مجید کی کس سورت میں وضو کا طریقہ بتایا گیا ہے؟

ج سورۃ المائدہ۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



92
س کس سورت میں بدگمانی تجسس اور غیبت سے منع کیا گیا؟
ج سورۃ الحجرات آیت 12۔

93
س وہ کونسی آیت ہے جس کو طواف کرنے والا رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان بطور دعا بار بار پڑھتا ہے؟
ج وہ آیت یہ ہے ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔



94
س کس سورت میں بسم اللہ نہیں لکھا گیا؟
ج سورۃ التوبہ۔

95
س کیا ختم قرآن کی کوئی مخصوص دعا ہے؟
ج ختم قرآن کی کوئی مخصوص دعا نہیں ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



96

س: تلاوت قرآن سے فارغ ہو کر صدق اللہ العظیم کہنا کیسا ہے؟

ج: تلاوت قرآن سے فارغ ہو کر صدق اللہ العظیم کہنا ثابت نہیں ہے۔



97

س: سجدہ تلاوت کرنے کا کیا حکم ہے؟

ج: سجدہ تلاوت واجب نہیں بلکہ سنت ہے۔

98

س: قرآن کی تلاوت سے فارغ ہو کر قرآن کو چومنا اور اسے پیشانی سے لگانا اور چہرے پر رکھنا کیسا ہے؟

ج: قرآن کی تلاوت سے فارغ ہو کر قرآن کو چومنا اور اسے پیشانی سے لگانا اور چہرے پر رکھنا بدعت ہے ایسا نہیں کرنا چاہیے

99

س: اس صحابیہ کا نام بتائے جن کی شان میں قرآن کی آیتیں اتری ہیں؟

ج: خولہ بنت مالک بن ثعلبہ رضی اللہ عنہا۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



100

س: آیت اِنک لا تھدی من احببت آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی؟

ج: یہ آیت رسول ﷺ کے چچا ابو طالب کے بارے میں نازل ہوئی۔

101

س: کس سورت میں ذوالقرنین کا تذکرہ آیا ہے؟

ج: سورۃ کہف آیت 83 تا 98۔



102

س: کس سورت میں ہابیل و قابیل کا قصہ آیا ہوا ہے؟

ج: سورۃ المائدۃ آیت 27 سے آیت 31۔

103

س: قوم عاد کی طرف اللہ نے کس کو نبی بنا کر بھیجا؟

ج: ہود علیہ السلام کو۔

deenital



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: قوم ثمود کی طرف اللہ نے کس کو نبی بنا کر بھیجا؟ 104

ج: صالح علیہ السلام کو۔



س: قوم مدین کی طرف اللہ نے کس کو نبی بنا کر بھیجا؟ 105

ج: شعیب علیہ السلام کو۔

س: بنی اسرائیل کی طرف اللہ نے کس کو پیغمبر بنا کر بھیجا؟ 106

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو۔

س: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کیا کیا معجزات اور نشانیاں دی گئی تھیں؟ 107

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو 15 معجزات دیئے تھے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



1۔ عصاء 2۔ ید بیضاء 3 ۔ قحط 4۔ نقص ثمرات 5۔ طوفان 6۔ جراد (ٹڈی)
7۔ جوئیں۔ 8۔ مینڈک 9۔ خون 10۔ سمندر کا پھٹ جانا 11 پتھر سے چشموں کا بہنا
12۔ من و سلویٰ کا اترنا 13۔ بادلوں کا سایہ 14۔ طور کے ایک حصہ کا اپنی جگہ سے اکھڑ کر بنی اسرائیل کے سر پر آجانا 15۔ نزول تورات

108

س حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کیا معجزات اور نشانیاں دی گئی ؟

ج حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ معجزات دیے گئے۔ 1۔ نزول انجیل 2۔ آپ کا ہاتھ پھیرنے کی وجہ سے بیمار کا شفایاب ہو جانا 3۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بچپن میں بات کرنا 4۔ اللہ کے حکم سے مردے کو زندہ کر دینا 5۔ اللہ کے حکم سے اندھے اور کوڑھی کو اللہ کے حکم سے (من و سلوی) دستر خوان پر نازل کر دینا اللہ کے حکم سے۔



109

س حضرت صالح علیہ السلام کو کونسا معجزہ عطا کیا گیا تھا؟

ج اونٹنی۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



110
س قوم نوح کو کیا عذاب دیا گیا؟
ج قوم نوح کو طوفان کے ذریعے غرق کر کے تباہ کیا گیا۔

111
س قوم عاد کو کیا عذاب دیا گیا؟
ج قوم عاد کو تیز و تند آندھیوں کے ذریعہ تباہ و برباد کر دیا گیا جو ہوائیں ان پر آٹھ دن اور سات راتیں مسلط رہی ہیں۔

112
س قوم صالح کو کیا عذاب دیا گیا؟
ج قوم صالح کو ایک ہیبت ناک آواز کے ذریعے ہلاک کر دیا گیا جس سے ان کے کلیجے پھٹ گئے۔

113
س قوم لوط کو کیا عذاب دیا گیا؟
ج قوم لوط کو ہیبت ناک چیخ نے تباہ کر دیا پھر آبادی کا تختہ اوپر اٹھا کر پلٹ دیا گیا اور اوپر سے پتھروں کی بارش نے ان کا نام و نشان تک مٹا دیا



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



114

س قوم شعیب کو کون سا عذاب دیا گیا؟

ج قوم شعیب کو دو قسم کے عذاب دئے گئے ا۔ زلزلہ کا عذاب ۲۔ بارش کا عذاب یعنی جب وہ اپنے گھروں میں آرام کر رہے تھے۔

115

س فرعون کو کیا عذاب دیا گیا؟

ج فرعون اور اس کی قوم کو دریا میں غرق کر کے ہلاک کر دیا گیا۔

116

س حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم کو کتنے سال دعوت دیتے رہے؟

ج حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم میں ساڑھے نو سو سال تک دعوت و تبلیغ کا کام کرتے رہے۔

117

س حضرت آدم علیہ السلام کا نام قرآن میں کتنی بار آیا ہوا ہے؟

ج 25 بار آیا ہوا ہے

أدم



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



118

س: حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر قرآن میں کتنی مرتبہ آیا ہوا ہے؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں 43 مقامات پر آیا ہے۔

119

س: حضرت ہود علیہ السلام کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہوا ہے؟

ج: حضرت ہود علیہ السلام کا ذکر قرآن میں چھ مقامات پر آیا ہوا ہے۔

120

س: حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہوا ہے؟

ج: حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر قرآن میں پچیس مقامات پر آیا ہوا ہے۔

121

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام قرآن میں کتنی مرتبہ آیا ہوا ہے؟

ج: 69 دفعہ آیا ہوا ہے۔





" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



122

س: وہ کون سے صحابی ہیں جن کو حضرت ابو بکر نے تدوین قرآن کا حکم دیا ؟

ج: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو۔



123

س: قرآن مجید میں کونسے مسجدوں کا ذکر آیا ہے؟

ج: مسجد حرام، مسجد اقصیٰ، مسجد ضرار، مسجد قبا۔

124

س: قرآن مجید میں جبرئیل کے اور کیا کیا نام بتائے گئے ہیں؟

ج: روح الامین، روح القدس۔

125

س: قرآن مجید کے الفاظ پر سب سے پہلے کس نے نقطے لگائے؟

ج: بعض نے کہا کہ سب سے پہلے ابوالاسود الدولی نے نقطے لگائے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س 126 قرآن پر سب سے پہلے حرکات زبر، زیر، پیش کس نے لگائے؟

ج بعض نے کہا کہ سب سے پہلے ابوالاسود الدولی نے حرکات لگائے اور بعض نے کہا کہ حجاج بن یوسف نے حرکات لگائے

س 127 وہ چار صحابی کون ہیں جن کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ ان سے قرآن سیکھو؟

ج وہ چار صحابی ہیں، 1۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ 2۔ حضرت سالم بن معقل رضی اللہ عنہ 3۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ 4۔ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔ (بخاری)

س 128 چند مفسر صحابہ کے نام بتائیے جو علم تفسیر میں مشہور و معروف ہیں؟

ج خلفا اربعہ رضی اللہ عنہم 1۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ 2۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ 3۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہ 4۔ علی رضی اللہ عنہ 5۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ 6۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



129

س: سات مشہور قراء کے نام بتائے جن کے نام سے سات قراتیں مشہور ہیں؟

ج: 1۔ابن عامر الدمشقی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 118 ہجری 2۔ابن کثیر المکی رحمۃ اللہ تعالی متوفی 130 ہجری 3۔عاصم بن النجود الکوفی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 137 ہجری 4۔ابو عمرو بن العلاء البصری رحمۃ اللہ علیہ متوفی 154 ہجری 5۔حمزہ بن حبیب الزیات الکوفی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 156 ہجری 6۔نافع المدنی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 169 ہجری ۷۔الکسائی ابوالحسن علی بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ متوفی 189 ہجری

130

س: قرآن مجید کے مسلمانوں پر کیا حقوق ہیں چند ایک کا تذکرہ کیجیے؟

ج: قرآن مجید کے مسلمانوں پر حقوق یہ ہیں 1) قرآن کا پہلا حق یہ ہے کہ قرآن پر ایمان لایا جائے 2) قرآن مجید کو پڑھا جائے 3) قرآن مجید کو سمجھا جائے 4) قرآن پر عمل کیا جائے 5) قرآن مجید کو آگے پہنچایا جائے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# NOTES



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# Introduction Of
## Shaikh Nooruddin Umeri

Shaikh Nooruddin Umeri Is A Renowned Islamic Scholar, Speaker And Researcher From Hyderabad, India. He Has Delivered Thousands Of Talks All Over India – In Organized Programs As Well As Friday Sermons In Masaajid. Apart From The Lengthy Speeches, His Short And Informative Videos On Youtube On A Variety Of Topics Have A Large Number Of Followers, Alhamdulillaah.

He Is A Successful Child Psychologist And A Family Therapist. With Indepth Understanding Of Islam, He Specializes In Counseling Students, Parents And Spouses In The Light Of Shari'ah.

### EDUCATION:

- Aalim Faazil – Jamia Darussalam, Oomerabad.
- Bachelor of Arts, Arabic– Madras University.
- Master of Arts, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Diploma in Translation – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Philosophy, Arabic–English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Arts, Urdu – Central University of Hyderabad, Hyd.

### TEACHING EXPERIENCE:

- Arabic Lecturer At Narayana Junior College, Hyderabad For A Period Of 10 Yrs.
- Jamia Darul Furqaan, Sayeedabad, Hyderabad.
- Jamia Hafsa As-Salfiya, Golconda, Hyderabad.

### RESEARCH WORK:

AskIslamPedia.com–An Online Islamic Encyclopedia, Head Office–Hyderabad.

### CURRENT DESIGNATION:

Director - Ocean The ABM School, Hyderabad.



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "